# آئی جی آئی لائف WTO-

# زینت تکافل پلان



IGI Life Window Takaful Operations

Vitality

آپ ہمیں ہمیشہ اپنے شانہ بشانہ پائیں گے۔

آپ ماں ہیں یا بیٹی، ایک گھر منظّم کرنے والی یا کاروبار کرنے والی خاتون کی حیثیت سے ہم آپ کی ضروریات کو سمجھتے ہوئے آئی جی آئی لائف انشورنس ونڈو تکافل آپریشنز کی طرف سے خاص آپ کے لئے بنایا گیا زینت تکافل پلان پیش کرتے ہیں۔ یہ پلان آپ کو سرمایہ کاری کے مواقع فراہم کرتا ہے تا کہ آپ اور آپ کے پیاروں کا مستقبل روشن اور محفوظ کیا جا سکے چاہے حالات کیسے بھی ہوں۔

**پراڈکٹ کی وضاحت:** یہ ایک فیملی تکافل پراڈکٹ ہے جو دو بنیادی عناصر یعنی تکافل تحفظ اور سرمایہ کاری پر مشتمل ہے۔ اس پراڈکٹ کی سرمایہ کاری اس فنڈ کی کارکردگی سے مشروط ہے جس میں اس فنڈ کی سرمایہ کاری کی جاتی ہے۔

## فری لُک دورانیہ

اگر آپ شریک تکافل کے دستاویز کی موصولی کی تاریخ سے 14 روز کے فری لُک دورانیہ میں اپنی رکنیت کو منسوخ کرتے ہیں تو اس صورت میں آپ کا زرتعاون مکمل ریفنڈ کر دیا جائے گا۔ ریفنڈ کی رقم میں سے آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریشنز کی طرف سے کئے جانے والے آپ کے علاج یا طبی معائنہ سے منسلک اخراجات اگر کوئی ہیں وہ منہا کئے جائیں گے۔


## تکافل کیا ہے؟

تکافل باہمی تعاون اور مدد کے لئے زمانہ قدیم سے رائج اسلامی تصور ہے جس میں شریعہ ایڈوائزرز کی زیرِ نگرانی آج کے دور کی جدید ایکچوریل سائنس انڈر رائٹنگ اور سرمایہ کاری کا تصور شامل ہے۔ یہ شریعہ کے اصولوں کے مطابق ایک دوسرے کی مدد کرنے کا طریقہ ہے تا کہ نا گہانی واقعات سے نمٹا جا سکے۔

## تکافل کے خصوصی نقات مندرجہ ذیل ہیں:

- ممبران سرمایہ کاری کا کچھ حصہ جس کو ''زرِشراکت'' (Contribution) کہا جاتا ہے باہمی تحفظ کے لئے تبرع (Tabarru') کی بنیاد پر وقف میں جمع کرواتے ہیں۔
- وقف فنڈ کا انتظام تکافل آپریٹر چلاتا ہے جو کہ وکیل کی حیثیت سے پوری ذمہ داری، خبرداری اور دور اندیشی سے ذمہ داری پوری کرتا ہے۔
- کلیمز وقف سے ادا کئے جاتے ہیں۔
- وقف میں اگر کوئی اضافیہ (Surplus) ہو تو وہ سال کے آخر میں اپائنٹیڈ ایکچوری کے مشورے اور شریعہ ایڈوائزر کی منظوری سے شرکاء میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

## تکافل کیسے کام کرتا ہے (وکالۃ وقف ماڈل)




آئی جی آئی لائف- ونڈو تکافل آپریشن اور معاشرے میں موجود افراد ایک مشترکہ مقصد کے تحت آگے بڑھتے ہیں اور مستقبل میں آنے والے کسی بھی ممکنہ مسئلے سے تحفظ کے لئے وقف فنڈ میں اشتراک کرتے ہیں جو کہ ونڈو تکافل آپریٹر کی جانب سے منظّم کیا جاتا ہے۔

## اضافیہ (Surplus) کی تقسیم

وقف کی شرائط کے مطابق تکافل فنڈ کے شرکاء، امکانی اضافیہ (Surplus) کے حقدار ہوں گے۔ تکافل کی یہ خصوصیت ہے کہ وہ تحفظ کے علاوہ شرکاء کو اضافیہ بھی مہیا کرتا ہے۔ شریعہ ایڈوائزر کی منظوری سے اپائنٹیڈ ایکچوری ہر سال کے آخر میں آئی جی آئی لائف- ونڈو تکافل آپریشنز میں اضافیہ کا فیصلہ کرتا ہے۔ اور اگر کوئی اضافیہ شرکاء میں تقسیم کرنے کے لئے ہو تو وہ تقسیم کیا جاتا ہے۔

وقف فنڈ سے سرپلس کا حصہ ممبران کو ان کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ (PIA) میں اضافی یونٹس کی شکل میں ادا کیا جائے گا اور یہ اضافی یونٹس آپ کے تکافل پلان کی کیش ویلیو بڑھا دیں گے۔

## زینت پلان میں تکافل کے فوائد

**شرکاء کی وفات کی صورت میں فائدہ**

شرکاء کی وفات کی صورت میں شرکاء سرمایہ کاری اکاؤنٹ (PIA) میں موجودہ مالیت یا زرِتکافل (sum cover) دونوں میں جو بھی زیادہ ہو، اس کی ادائیگی کی جاتی ہے۔

**بنیادی زرِتکافل (Sum Covered)**

بنیادی زرِتکافل (Sum Covered) بنیادی زرِتعاون (Contribution) کا حاصل ضرب ہے جو شرکاء اپنی عمر کے حساب سے منتخب کر سکتے ہیں۔

| عمر | بنیادی شراکت داری کا ضرب حاصل | |
|---|---|---|
| | کم از کم | زیادہ سے زیادہ |
| 55 سال تک | 5 | 30 |
| 56 تا 60 | 5 | 20 |
| 60 سے زیادہ | 5 | 10 |

## رکنیت کی میعاد مکمل ہونے پر فوائد

رکنیت کی میعاد مکمل ہونے پر سرمایہ کاری اکاؤنٹ (PIA) میں موجودہ مالیت کی رقم بمعہ ٹاپ-اپ اماؤنٹ کی مجموعی مالیت (اگر کوئی ہے) شریک تکافل کو ادا کی جائے گی۔ تمام یونٹس بولی کی قیمت (Bid Price) پر ادا کئے جائیں گے۔

## زرِتعاون کو بڑھانے کا اختیار

اس منصوبے میں زرِتعاون کو بڑھانے (Indexation) کا اختیار آپ استعمال کر سکتے ہیں، جس کے تحت آپ کا زرِشمولیت (Contribution) (بغیر کسی اضافی زرِتکافل (Sum Covered)) ہر سال ایک مقرر فیصد کے مطابق بڑھتا رہے گا، جس سے آپ کے PIA کی مالیت تیزی سے بڑھ سکتی ہے اور آپ کو مدتِ تکمیل پر PIA کا بڑھا ہوا فائدہ مل سکتا ہے۔ ایک دفعہ اختیار استعمال کرنے کے باوجود آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ اگلی دفعہ اس حق کو استعمال نہ کریں، لیکن اس کے لئے چند شرائط لاگو ہوں گی۔

## مکمل دستبرداری (Surrender)

شرکاء کو مکمل اختیار حاصل ہے کہ وہ PIA میں موجود اپنے تمام یونٹس ختم کر کے اپنی رکنیت کا اختتام کر سکیں۔ مکمل دستبرداری (Surrender) کی صورت میں، تمام یونٹس بولی کی قیمت (Bid Price) پر ادا کئے جائیں گے اور رکنیت ختم کر دی جائے گی۔ اس مرحلے پر مکمل دستبرداری کی حقیقی لاگت فیس لاگو ہو جائے گی۔

## جزوی دستبرداری (Partial Withdrawal)

شرائط وضوابط کے ساتھ یہ پلان آپ کو اجازت دیتا ہے کہ آپ رکنیت کی معیاد کے دوران اپنے PIA اکاؤنٹ ویلیو سے محدود تعداد میں یونٹس نکال سکتے ہیں۔

## تکافل پلان میں اضافی اختیاری فوائد (اضافی زرِشراکت ادا کرنے سے مشروط)

**حادثاتی وفات کی صورت میں فوائد:** شرکاء کی حادثاتی موت کی صورت میں بنیادی معاہدے میں شامل ضمنی فائدہ بھی شامل ہوگا جس میں سالانہ بنیادی زرتعاون کی پانچ گنا مالیت یا دس لاکھ میں سے جو کم ہوگا وہ ملے گا۔

**حادثاتی وفات کی صورت میں فوائد:** شرکاء کی حادثاتی موت کی صورت میں بنیادی معاہدے میں شامل ضمنی فائدہ بھی شامل ہوگا جس میں سالانہ بنیادی زرتعاون کی پانچ گنا مالیت یا دس لاکھ میں سے جو کم ہوگا وہ ملے گا۔

**ضمنی فوائد برائے معافی اقساط مستقل اور مکمل معذوری کی صورت میں (WOC)** : شریک تکافل کی مستقل اور مکمل معذوری کی صورت میں اس ضمنی معاہدے کے اختتام تک زرتعاون کی رقم وقف سے ادا کی جاتی رہے گی۔

**اضافی فوائد معاہدہ (ATB):** اضافی تحفظ معاہدہ شراکت کی موت کی صورت میں خاندان کو اضافی زرِتکافل فراہم کرتا ہے۔ اس معاہدے کے تحت بنیادی زرِتکافل کے علاوہ اضافی زرِتکافل حادثاتی یا غیر حادثاتی موت کی صورت میں ادا کیا جاتا ہے۔

**آمدنی فوائد وفات (IB-Death)** : ماہانہ آمدنی فائدہ کی رقم، شریک تکافل کی وفات کے وقت سے اس ضمنی معاہدے کے اختتام تک وقف سے ادا کی جاتی رہے گی۔

**آمدنی فوائد معذوری (IB-Disability)** : ماہانہ آمدنی کی رقم، شریک تکافل کی مکمل مستقل معذوری کے وقت سے اس ضمنی معاہدے کے اختتام تک وقف سے ادا کی جائے گی۔

## زرتعاون (contribution) کی سرمایہ کاری کہاں کی جاتی ہے؟

آپ کے زرتعاون (contribution) کی رقم شرعی اصولوں کے مطابق سرمایہ کاری میں لگائی جاتی ہے تا کہ شرکاء سرمایہ کاری اکاؤنٹ (PIA) بڑھ سکے۔ آپ کو تین مختلف انداز میں شرعی اصولوں کے مطابق سرمایہ کاری کی حکمت عملی پیش کی جاتی ہیں۔ محتاط، متوازن اور جارحانہ حکمت عملی کی تفصیلات مندرجہ ذیل ہیں:

| آئی جی آئی تکافل محتاط فنڈ |
|---|
| فنڈ کی نوعیت: انکم فنڈ – تکافل (شریعت کے مطابق) |
| یونٹ لنکڈ فنڈ کی قسم (رسک پروفائل): کم |
| اس فنڈ کے اثاثہ جات میں شریعت کے مطابق حکومتی اور/ یا دیگر محفوظ سرمایہ کاری شامل ہے۔ اس حکمتِ عملی کے تحت اسٹاک مارکیٹ میں بہت کم سرمایہ کاری کی جاتی ہے۔ |
| شریعت کے مطابق حکومتی سیکیورٹیز اور دیگر فکسڈ آمدن والی سرمایہ کاری: 100% |

| آئی جی آئی تکافل متوازن فنڈ |
|---|
| فنڈ کی نوعیت: متوازن فنڈ – تکافل (شریعت کے مطابق) |
| یونٹ لنکڈ فنڈ کی قسم (رسک پروفائل): اوسط |
| اس حکمتِ عملی کے تحت شریعت کے مطابق اسٹاک، حکومتی سیکیورٹیز اور/ یا دیگر محفوظ سرمایہ کاری کے ذریعے کیپیٹل میں مستحکم بڑھوتری حاصل کی جاتی ہے، اس فنڈ میں موجود اثاثہ جات کا امتزاج یہ ہے: |
| شریعت کے مطابق اسٹاک مارکیٹ فنڈ: 0% سے 40% |
| شریعت کے مطابق حکومتی سیکیورٹیز اور دیگر فکسڈ آمدن والی سرمایہ کاری: 60% سے 100% |

| آئی جی آئی تکافل جارحانہ فنڈ |
|---|
| فنڈ کی نوعیت: جارحانہ فنڈ – تکافل (شریعت کے مطابق) |
| یونٹ لنکڈ فنڈ کی قسم (رسک پروفائل): زیادہ |
| اس حکمتِ عملی کے تحت زیادہ تر شریعت کے مطابق شیئرز میں سرمایہ کاری کر کے طویل المدت کیپیٹل بڑھوتری حاصل کی جاتی ہے۔ اس فنڈ میں موجود اثاثہ جات کا امتزاج یہ ہے: |
| شریعت کے مطابق اسٹاک مارکیٹ فنڈ: 60% سے 70% |
| شریعت کے مطابق حکومتی سیکیورٹیز اور دیگر فکسڈ آمدن والی سرمایہ کاری: 30% سے 40% |

جیسا کہ درخواست فارم میں درج ہے کہ ہر حکمت عملی کے تحت آپ کا ایک سرمایہ کاری اکاؤنٹ ہوتا ہے۔ آپ اپنی سرمایہ کاری مرضی کے مطابق یونٹس کی خریداری کی صورت میں مختص کر سکتے ہیں۔ یہ حکمتِ عملی اُن شرکاء کے لئے ہے جو کہ زیادہ جارحانہ خطرہ مول لے سکتے ہیں۔

آپ کچھ شرائط کے ساتھ ایک حکمتِ عملی سے دوسری حکمتِ عملی میں یونٹس منتقل (Switchover) کر سکتے ہیں۔ براہِ مہربانی نوٹ کر لیں کہ سرمایہ کاری میں ہونے والے نقصانات شرکاء کو خود برداشت کرنے ہوں گے اور ساتھ ہی اصل مدت کے مکمل ہونے پر یا شرکت کو چھوڑنے پر اکاؤنٹ کے متوقع رقم میں کمی بیشی ہو سکتی ہے۔

## یونٹ لنکڈ فنڈ کا اختیار

رکنیت کے اجراء کے وقت یونٹس کی سرمایہ کاری کم رسک والے فنڈ میں کی جائے گی۔ رکنیت کے اجراء کے بعد بغیر کسی اضافی چارجز کے شریک تکافل کو رسک کی استعداد کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی مرضی کے مطابق فنڈ کے انتخاب کا حق حاصل ہے۔ نئے فنڈ کو شریک تکافل کی صوابدید پر مختلف فنڈ کے امتزاج سے تشکیل دیا جا سکتا ہے بشرطیکہ اس امتزاج کا مجموعہ 100% ہو۔

## پلان کی خصوصیات اور شرائط

اہلیت اور رکنیت کی شرائط

شرکاء کی کم از کم عمر کی حد 18 سال اور زیادہ سے زیادہ 65 سال ہے۔ رکنیت کا دورانیہ 10 سال سے لے کر 85 سال کی عمر تک طویل کیا جا سکتا ہے۔

ضمنی فوائد اُس عمر میں ختم ہو جائیں گے جو ضمنی فوائد میں درج ہے یہ تاریخ کچھ پہلے بھی ہو سکتی ہے لیکن اس کا انحصار دستیاب فوائد کی مدت پر ہے۔

## اضافی ضمنی زرتعاون (ٹاپ-اپ کنٹری بیوشن)

یہ پلان ایک باقاعدہ زرِتعاون ادا کئے جانے والا پلان ہے۔ لیکن اگر کوئی شریک چاہے تو اضافی زرتعاون (Top-Up Contribution) فنڈ جمع کروا سکتا ہے جو کہ رکنیت میں یکمشت اضافی زرتعاون (Top-Up Contribution) کی صورت میں ہوگی جو کہ ''ٹاپ-اپ اماؤنٹس'' کہلاتی ہے۔

اضافی ضمنی زرتعاون ادائیگیاں ''ٹاپ-اپ'' کی صورت میں شرکاء کبھی بھی کر سکتے ہیں جسکی کم از کم حد 100,000 روپے ہے جبکہ زیادہ سے زیادہ کی کوئی حد مقرر نہیں ہے۔ اور اس کا زرِتکافل (Sum Covered) سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

مندرجہ بالا تناسب بنیادی تکافل پلان کے زرتعاون (contribution) سے مجموعی فیس کی کٹوتی کے بعد واضح کیے جا رہے ہیں۔ اس تناسب سے صرف تبرع چارجز PTF کے لئے منہا کیے جائیں گے۔

## کم از کم بنیادی زرتعاون اور ادائیگی کی میعاد

کم از کم بنیادی زرتعاون (contribution) کی مالیت درج ذیل میعاد میں 25,000 روپے ہے۔

- سالانہ
- ششماہی
- سہ ماہی

کم از کم زرتعاون (contribution) کی میعاد 10 سال ہے۔

## یونٹ کی پرائسنگ کا طریقہ کار:

کمپنی کے پاس موجود فنڈز کی مالیت روزانہ کی بنیاد پر مارکیٹ ویلیو کے اعتبار سے لگائی جاتی ہے۔ انڈر رائٹنگ ڈپارٹمنٹ تمام درخواستوں کو طے شدہ طریقہ کار کے مطابق مکمل کرتا ہے/تکافل رکنیت تیار کرتا ہے۔ یونٹ کی مالیت کے تعین کی ہر تاریخ کو موصول ہونے والا تمام صافی زرتعاون (جو وصول شدہ زرتعاون کلیمز، دستبرداری اور فنڈ کی منتقلی کو ظاہر کرتا ہے) اکاؤنٹس ڈپارٹمنٹ کو فراہم کیا جاتا ہے، جو اس تمام زرتعاون کو اُسی دن مجموعی فنڈز کے لیے اسلامک میوچل فنڈ کے یونٹس کی خریداری کے لیے استعمال کرتا ہے۔

یونٹ کی مالیت کے تعین کے دن کے آخر میں مجموعی فنڈ کے اثاثہ جات کی صافی ویلیو کا اس وقت تک کی فراہم کردہ میوچل فنڈز کی قیمتوں کے اعتبار سے دوبارہ حساب کیا جاتا ہے۔ اس حساب کردہ اثاثہ جات کی صافی ویلیو کو نظرثانی شدہ بڈ اور آفر (بڈ پرائس کا 105%) پرائس کو جاننے کے لیے مجموعی فنڈ میں موجود یونٹس پر تقسیم کیا جاتا ہے۔ میوچل فنڈ میں کی جانے والی اضافی سرمایہ کاری کو مجموعی فنڈ کے اضافی یونٹس کی تعداد معلوم کرنے کے لیے (جیسا کہ اوپر حساب کیا گیا ہے) مجموعی فنڈ کے موجودہ یونٹس پر تقسیم کیا جاتا ہے۔ مجموعی فنڈ کی قیمتیں، جن کا حساب یونٹس کی مالیت کے تعین کی تاریخ کے اختتام پر میوچل فنڈ کی قیمت کی بنیاد پر کیا جاتا ہے ان کا اگلی صبح سسٹم میں اندراج کیا جاتا ہے اور تمام ٹرانزیکشنز یعنی تکافل رکنیت کے حصول، دستبرداری اور منتقلی وغیرہ کے لحاظ سے یونٹس کی ایلوکیشن اسی اعتبار سے کی جاتی ہے۔ مجموعی فنڈ کی قیمتیں جن کا اندراج سسٹم پر کیا گیا ہے وہ شرکاء تکافل کی آگاہی کے لیے ویب سائٹ پر روزانہ کی بنیاد پر اپڈیٹ کی جاتی ہیں اور تکافل رکنیت کے حصول میں سہولت فراہم کرنے کے لیے فیلڈ فورس کو بھی فراہم کی جاتی ہے۔

## زرتعاون کی تخصیص

شریک تکافل کے زرتعاون کے تناسب کی سال بہ سال تخصیص مندرجہ ذیل جدول میں دی گئی ہے

| رکنیت کا سال | بنیادی زرتعاون کا فیصدی تناسب |
|---|---|
| 1 | 57.5% |
| 2 | 80% |
| 3 | 90% |
| 4 | 100% |
| 5 اور زائد | 103% |
| ٹاپ اپ | 100% |

## وکالہ فیس (ایلوکیشن فیس) کیا ہے؟

آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریشنز زینت تکافل پلان کے زرتعاون کی شرح کے حساب سے وکالہ فیس کا ٹیبل درج ذیل ہے:

| رکنیت کا سال | زرتعاون کی شرح کے اعتبار سے ایلوکیشن فیس |
|---|---|
| 1 | 42.5% |
| 2 | 20% |
| 3 | 10% |

## اضافی یونٹ کی تخصیص

پلان جتنا عرصہ جاری رہے گا اتنے ہی زیادہ انعامات حاصل ہوں گے۔ یہ پلان اضافی یونٹ کی 3 فیصد کے تناسب سے تخصیص کی پیش کش کرتا ہے جو پانچویں اور اس سے زائد سے سال سے شروع ہوگی

| | |
|---|---|
| بولی آفر اسپریڈ | 5 فیصد |
| وکالہ الاستثمار فیس | شرکاء سرمایہ کاری اکاؤنٹ کی ویلیو کا 0.125% ماہانہ |
| مضارب کا حصہ | PTF کی سرمایہ کاری منافع کا 40 فیصد حصہ |
| تکافل آپریٹر کی مینجمنٹ فیس | ہر ماہ زرِتکافل (TABARRU) کا 35 فیصد |
| انتظامی فیس | 250 روپے ماہانہ |
| منتقلی فیس | انویسٹمنٹ فنڈز کے درمیان ہر منتقلی پر 500 روپے |
| مکمل یا جزوی دستبرداری پروسیسنگ فیس | ہر مرتبہ جزوی نکلوانے پر اور مکمل دستبرداری پر 500 روپے |

نوٹ: مذکورہ بالا فیس اور چارجز میں بغیر کسی پیشگی اطلاع کے تبدیلی ہو سکتی ہے۔

## امکانی فوائد کا خاکہ

مندرجہ ذیل مثال ایک ایسے فرد کے لئے امکانی فوائد کا خاکہ پیش کرتی ہیں جس کی عمر ابھی 35 سال ہے اور بنیادی زرتعاون 100,000 روپے سالانہ ہے جبکہ زرتکافل (sum covered) 1,000,000 روپے ہے۔ متوقع کیش ویلیو مندرجہ ذیل چارٹ کے مطابق ہے۔

| سال | اس وقت تک کا مجموعی زرتکافل | تخمینی شرح منافع 6% | | تخمینی شرح منافع 9% | | تخمینی شرح منافع 11% | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | وفات کی صورت میں فوائد | سرمایہ کاری فنڈ کی مالیت (اندازاً) | وفات کی صورت میں فوائد | سرمایہ کاری فنڈ کی مالیت (اندازاً) | وفات کی صورت میں فوائد | سرمایہ کاری فنڈ کی مالیت (اندازاً) |
| 5 | 500,000 | 1,000,000 | 431,246 | 1,000,000 | 467,382 | 1,000,000 | 492,918 |
| 10 | 1,000,000 | 1,062,643 | 1,062,143 | 1,244,038 | 1,243,538 | 1,382,551 | 1,382,051 |
| 15 | 1,000,000 | 1,282,479 | 1,281,979 | 1,736,221 | 1,735,721 | 2,119,822 | 2,119,322 |
| 20 | 1,000,000 | 1,547,011 | 1,547,011 | 2,429,719 | 2,429,719 | 3,262,855 | 3,262,855 |

یہ بروشر ہے کوئی معاہدہ نہیں ہے۔ تفصیلی حالات اور شرائط شرکاء کو دیئے جانے والے پالیسی ممبر شپ ڈاکیومنٹ (PMD) میں موجود ہے۔

# کلیم کیسے داخل کیا جائے

## کلیم داخل کرنے کا طریقہ

کلیم کو داخل کرنے کا ہمارا طریقہ کار انتہائی آسان اور کسی رکاوٹ سے آزاد ہے۔ اس سلسلے میں مشورہ دیا جاتا ہے کہ اپنے ممبر شپ کو داخل کرتے ہوئے مکمل معاونت حاصل کرنے کے لئے ہماری کسٹمر سروسز ٹیم سے services.life@IGI.COM.PK پر رابطہ کریں۔

ذیل میں مرحلہ وار طریقہ کار دیا جا رہا ہے جس پر عمل کر کے آپ اپنا کلیم داخل کر سکتے ہیں۔

### پہلا مرحلہ–تحریری اطلاع

کلیم آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریشنز کی ویب سائیٹ آن لائن کلیم انٹی میشن پر جا کر دی گئی معلومات فراہم کر کے بغیر کسی تاخیر کے براہ راست داخل کیا جا سکتا ہے جسے کلیم ڈیپارٹمنٹ کو فوری طور پر بھیج دیا جاتا ہے

http://igilife.com.pk/claim-intimation/

ممبر شپ کے تحت فوائد حاصل کرنے کے لئے کوئی بھی ممبر شپ کے مالک/ دعویٰ کنندہ (جیسی بھی صورت ہو)، کی جانب سے اس کے دستخط کے ساتھ تحریری اطلاع جمع کرانے کے ذریعے کیا جا سکتا ہے۔ تحریری اطلاع دیتے وقت ہمیشہ وقوعہ کی تاریخ، واقعہ کی وجہ اور دعویٰ کنندہ کا موجودہ پتہ اور رابطہ نمبر ضرور درج کریں۔

کلیم نقصان کی تاریخ کے 30 دنوں کے اندر داخل کیا جانا چاہیے

### دوسرا مرحلہ–کلیم فارم کے ساتھ متعلقہ دستاویزات مکمل کریں

وقوعہ کی اطلاع دینے پر آئی جی آئی لائف نقصان کا ثبوت داخل کرنے کے لئے متعلقہ فارمز فراہم کر دے گا۔ جن کا انحصار واقعہ کی نوعیت پر ہوگا۔ ڈیتھ سرٹیفکیٹ، رکنیت کے اصل کاغذات، شریک تکافل اور نامزد شریک تکافل کے شناختی کارڈ، ہسپتال ریکارڈ، پولیس رپورٹ اور پوسٹ مارٹم کی پورٹ (صرف حادثہ کی صورت میں) یا آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریشنز کی طرف طلب کردہ دوسرے کاغذات کلیمز فارمز کے ساتھ منسلک کئے جائیں گے۔ فارمز ہماری ویب سائیٹ سے براہ راست ڈاؤن لوڈ کیے جا سکتے ہیں۔

http://igilife.com.pk/investor-relations/claim-forms/

طبی سہولتوں کے کلیمز کے لئے میڈیکل بلوں/ رپورٹس کا انتظام اسپتال میں داخل ہونے کی صورت میں یا طبی سہولتوں سے متعلق کلیمز کے لئے تمام میڈیکل بل (اصل) اور طبی رپورٹ (نقول)، جو کہ کوالیفائیڈ طبی سہولت دینے والے ڈاکٹر کی طرف سے جاری کی گئی ہو، منسلک کرنا ہوگی۔

توثیق شدہ دستاویزات اصل شکل میں یا کسی سرکاری افسر/ جاری کرنے والی اتھارٹی کی جانب سے مصدقہ نقول کی صورت میں جمع کرائی جا سکتی ہیں۔ دستاویزات کی اصل کاپی معائنہ کے لئے طلب کی جا سکتی ہے۔

### تیسرا مرحلہ

کلیم فارم کے ساتھ مطلوبہ دستاویز جمع کرائیں

اصل دستاویزات اور فارمز (ہارڈ کاپی) باقاعدہ ہر طرح سے مکمل، دستخط شدہ اور گواہی کے ساتھ لازمی طور پر آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریشنز کے ہیڈ آفس کو اس نقصان کے بعد 90 دنوں کے اندر جمع کر دیئے جائیں، جس کے لئے کلیم داخل کیا جا رہا ہے۔

### چوتھا مرحلہ–کلیم کی ادائیگی

کوئی بھی کلیم جتنی جلد ممکن ہو آئی جی آئی لائف ونڈو تکافل آپریشنز کے اطمینان کے لئے مکمل کر لیا جائے۔ مکمل دستاویزات کی وصولی کے بعد جتنا جلدی ممکن ہو کلیم کی ادائیگی کر دی جائے گی۔

**نوٹ:**

برائے مہربانی اس امر کو یقینی بنائیں کہ شریک تکافل کی طرف سے کلیم کی صورت میں تمام دستاویزات اور فارمز آپ کی رکنیت کے اصل تجویزی فارم/سی این آئی سی پر آپ کے دستخط کے مطابق دستخط شدہ ہوں۔

آپ کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ اپنے کلیم کو داخل کرتے ہوئے مکمل معاونت کے لئے ہماری کسٹمر سروسز ٹیم سے مشاورت کر لیں۔

اگر آپ کلیم داخل کرنے کے خواہشمند ہیں تو ہماری کسٹمر سروسز ٹیم ہمیشہ آپ سے تعاون کے لئے تیار رہے۔

ذیل میں دیئے گئے لنکس سے ایک کلیم فارم کا انتخاب کریں

## انتباہ

اس پروڈکٹ کی انڈر رائٹنگ آئی جی آئی لائف– ونڈو تکافل آپریشنز کے تحت کی گئی ہے۔ اس پروڈکٹ کی ضمانت کی ذمہ داری بینک الفلاح یا اس سے وابستہ افراد (affiliates) کی نہیں ہے اور یہ بینک الفلاح کی پروڈکٹ نہیں ہے تاہم آئی جی آئی لائف– ونڈو تکافل آپریشنز ہی تمام شرکاء کو پیش آنے والے واقعات پر طے شدہ ادائیگی کا ذمہ دار ہے۔ درخواست گزار/ شرکاء کو مکمل طور پر یہ بات سمجھنی اور تسلیم کرنی ہے کہ بینک الفلاح، آئی جی آئی لائف کے کارپوریٹ تکافل ایجنٹ کے طور پر کام کر رہا ہے جو کہ آئی جی آئی لائف– ونڈو تکافل آپریشنز یا اس سے متعلقہ انڈر رائٹنگ، فائدے یا نقصان کی نمائندگی اور/ یا کسی بھی صورتحال میں ان سب چیزوں کے لیے قانونی طور پر ذمہ دار اور جوابدہ نہیں ہے۔ امیدوار زینت پلان کثیر المقصد بچت پروڈکٹس میں اپنی ذمہ داری پر حصہ لے سکتا ہے۔ بینک الفلاح کسی بھی صورتحال میں کسی رسک، دعوے، نقصان، کلیم یا صارف کے سرمائے پر اثر انداز ہونے والی کسی بھی چیز کا قانونی طور پر ذمہ دار نہیں ہوگا۔ کسی بھی شریک کے فوائد کی وضاحتی تحریر میں یہ تصور کیا جاتا ہے کہ کیش ویلیو/ پارٹیسپینٹ اکاؤنٹس ویلیو اور وہ دیگر فوائد کی رقم واجب ہوتے ہی پوری ادا کر دی گئی ہے جبکہ حصہ لینے والوں کی جانب سے دورانِ ممبر شپ کوئی پیسے نکلوائے نہیں گئے اور حاصل شدہ منافع بیان کیے گئے اندازے کے مطابق ہو سکتا ہے۔ منصوبوں سے حاصل شدہ منافع کی سرمایہ کاری طے شدہ گروتھ فنڈز میں کی جائے گی، ضروری نہیں کہ فنڈز کی ماضی کی کارکردگی اس کے مستقبل کی رہنمائی کر سکے۔ فنڈز کی کارکردگی کے سلسلے میں کسی بھی قسم کا کوئی اندازہ مستقبل میں اس بات کی طرف اشارہ نہیں کر سکتا۔ اس کا ذمہ دار نہ تو آئی جی آئی لائف– ونڈو تکافل آپریشنز ہوگا اور نہ ہی بینک الفلاح۔ تمام تکافل کلیم، چارجز اور تمام قابلِ ادا رقم کی ذمہ داری صرف آئی جی آئی لائف– ونڈو تکافل آپریشنز کی ہے۔ جبکہ سروس چارجز اور ٹیکسز وغیرہ ''شیڈول آف چارجز'' اور ٹیکس سے متعلق قوانین اور دیگر متعلقہ اداروں کے مطابق بینک کی جانب سے ویسے ہی لاگو ہوں گے۔


آئی جی آئی لائف انشورنس لمیٹڈ: ساتویں منزل، دی فورم، سوئٹ نمبر 703-701، G-20، بلاک 9، خیابانِ جامی، کلفٹن کراچی۔ 75600، پاکستان۔

UAN : 111-111-711 (+92-21)، ٹیلی فون: 35360040 (+92-21)، فیکس: 35290042 (+92-21)

ای میل: vitality@igi.com.pk ، ویب: www.igilife.com.pk